# ایک مسودہ قانون.

برائے اس امر کے کہ خیبر پختونخوا ضلعی ترقیاتی مشاورتی کمیٹی کے قیام کے متعلقہ ایکٹ، 1989ء میں مزید ترمیم کی جائے۔

تمہید: ہرگاہ کہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ خیبر پختونخوا ضلعی ترقیاتی مشاورتی کمیٹی کے قیام سے متعلقہ ایکٹ مصدرہ 1989ء (ایکٹ نمبر 4، 1989ء) میں بطریق ذیل ترمیم کی جائے۔

لہذا مندرجہ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

**1.** **مختصر عنوان اور آغاز:** جائز ہے کہ ایکٹ ہذا کو خیبر پختونخوا ضلعی ترقیاتی مشاورتی کمیٹی (ترمیمی) ایکٹ 2013ء کے نام سے موسوم کیا جائے۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

**2.** **ایکٹ نمبر 4، 1989ء کی دفعہ 3 کی ذیلی دفعہ 3 میں ترمیم:** خیبر پختونخوا ضلعی ترقیاتی مشاورتی کمیٹی ایکٹ، 1989ء (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 4، 1989ء) کے دفعہ (3) کی ذیلی دفعہ 3، کے سطر 2 میں لفظ "کمیٹی" کے بجائے الفاظ اور Comma " جنرل سیٹ پر منتخب شدہ " ثبت کئے جائیں۔

3. ایکٹ نمبر 4، 1989ء کی دفعہ 7 کی ذیلی دفعہ 1 میں ترمیم: خیبر پختونخوا ضلعی ترقیاتی مشاورتی کمیٹی ایکٹ 1989ء (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 4، 1989ء) کے دفعہ 7 کی ذیلی (1) میں مندرجہ ذیل جملہ شامل کیا جائے، یعنی

" اس فراہمی کے ساتھ کہ Cabinet Member کی انفرادی طور پر DDAC اجلاس سے غیر حاضری کی صورت میں وہ اجلاس میں شرکت کے لیے وہ کوئی بھی دوسرا نمائندہ نامزد کر سکتا ہے۔"

بیان اغراض ووجوہ۔

مستحسن ہے کہ خیبر پختونخوا ضلعی ترقیاتی مشاورتی کمیٹی کے قیام ایکٹ 1989ء (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 4، 1989ء) میں ترمیم کی جائے۔لہذا ابل ہذا پیش کیا جاتا ہے۔

سید محمد علی شاہ۔

ممبر انچارج۔